**01/10/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**لیفٹنٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں جموں کشمیر پولیس Martyrs میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں شرکت کر کے کہا ہے کہ یہ ٹورنامنٹ محض ایک کھیل مقابلہ نہیں ہے بلکہ یہ یاد کرنے کا ایک موقعہ بھی ہے کہ جموں کشمیر پولیس نے ہمیشہ یوٹی میں امن بحال کرنے کے لئے بے پناہ قربانیاں دی ہیں ۔**

**-------**

**اس سے قبل جموں میں انہوں نے " وکست بھارت کے رنگ ۔کلا کے سنگ " کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ سیوا پرو نوجوان پود کو ایک مثبت سوچ کے ساتھ مستقبل کے چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار کررہی ہے۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت عوام کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کےلئے پُر عزم ہے اور لوگوں کو بہتر حکمرانی فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔وہ اننت ناگ کے مختلف علاقوں میں 64 کروڑ روپے کی لاگت والی 15 واٹر سپلائی سکیموں کو عوام کے نام وقف کرنے کے موقعہ پر ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے ۔**

**-----**

**جاوید احمد ڈار**

**زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے جموں کشمیر کی معیشت کو فروغ دینے کے لئے ہارٹیکلچر میں جدید اور نِت نئے ٹیکنالوجی اور طریقے استعمال کرنے کی ضرورت ا جا گر**

مارکیٹ ایسو سی ایشنز کے صدور اور دیگر Vegetable کی ہے ۔ انہوں نے وادی کی فروٹ اینڈ عہدیداروں کے ساتھ ایک مشاورتی میٹنگ میں ہارٹیکلچر سیکٹر سے جُڑے مختلف امور کا جائزہ لیا ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے محکمے کے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ عوامی اور زرعی استعمال کے لئے آب رسانی کی منصفانہ تقسیم کاری کو یقینی بنانے کے لئے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی معیاد بند تکمیل یقینی بنائیں ۔ وہ اس سلسلے میں سول سیکریٹریٹ سرینگر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران علاقہ سونہ واری کے اندر واٹر سپلائی اور آبپاشی سے جُڑے بنیادی ڈھانچے کی دستیابی کا جائزہ لے رہے تھے ۔

درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے جموں کشمیر میں وقف اثاثوں میں اصلاحات اور شفافیت لانے کے بورڈ کے عزم کا اظہار کیا ہے ۔ نئی دلی میں حضرت نظام الدین اولیاءکی درگاہ پر حاضری دینے کے بعد انہوں نے ثقافتی اور روحانی وراثت کی مقامات کو تحفظ دینے اور ان کی منیجمنٹ میں سُدھار لانے کی ضرورت پر زور دیا ۔

سکول

محکمہ سکولی تعلیم کشمیر نے تین اکتوبر سے وادی کے سبھی سرکاری اور پرائیویٹ سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی لانے کا اعلان کیا ہے ۔ ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو کے مطابق سرینگر میونسپل حدود میں آنے والے سکولوں کے اوقاتِ کار صبح نو بجے سے سہ پہر تین بجے تک // جبکہ سرینگر میونسپل حدود سے باہر وادی کے دیگر سبھی علاقوں میں سکولوں کا کام کاج صبح دس بجے سے سہ پہر چار بجے تک مقرر کیا گیا ہے ۔

سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت وادی کے مختلف اضلاع میںآج بھی متعلقہ محکموں کی جانب سے کئی پروگراموں کا اہتمام ہے ، جس دوران سرکار کی مختلف حصولیابیوں اور عوامی بہبودی کے اقدامات کو اجا گر کیا جائے گا۔ان پروگراموں میں بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اورسرکاری سرگرمیوں میں عوامی شمولیت کو بھی اُجاگر کیا جا رہا ہے۔

سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان

دوسر ی طرف سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقد ہ پروگراموں میں خواتین کے تغذیے اور ان کی صحت پر توجہ مرکوز ہے ۔

Polycystic ابھیان کے تحت شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں منعقد کردہ Ovary Syndrome نام کا میگا جانکاری پروگرام اختتام پذیر ہو گیا ہے ۔

اختتامی تقریب پر ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے اس طرح کے Syndrome کے بارے میں عوام میں وسیع بیداری پیدا کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

GST

اصلاحات نافذ کرنے سے اب زندگی بخش ادویات ، کھانے پینے کی اشیائ، GST ملک میں جدید میں کمی لائی گئی GST کاشت کاری میں کام آنے والے سامان اور روزمرہ کی متعدد چیزوں پر ہے، جس کی عوامی حلقوں میں پذیرائی کی جا رہی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت24 اعشاریہ 5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ